دفتر برائے تعلقات عامہ و میڈیا کو آرڈی نیشن
جامعہ ملیہ اسلامیہ
نئی دہلی

16 مئی 2020

**پریس ریلیز**

**ہاسٹلوں میں مقیم جموں و کشمیر کے طلباء پہنچے اپنے گھر ، ایم ایچ آر ڈی اور جامعہ انتظامیہ کی جم کر کی تعریف**

کووڈ 19 کی وجہ سے تالا بندی کو دیکھتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں زیر تعلیم جموں وکشمیر کے کل 22 (13طلباء ، 9 طالبات) کو یونیورسٹی انتظامیہ نے خصوصی بسوں کے ذریعے ان کے اپنے گھروں تک پہنچایا۔

یہ قدم جموں و کشمیر انتظامیہ کے ساتھ شری امت کھرے، سکریٹری (اعلی تعلیم)ایم ایچ آر ڈی کے تعاون سے اٹھایا گیا۔ چیف سکریٹری ، جموں و کشمیر اور نئی دہلی میں ریذیڈنٹ کمشنر ، جموں و کشمیر نے بھی طلبا کو ان کے گھر واپس بھیجنے میں اپنا پورا تعاون کیا۔

چونکہ یونیورسٹی بند ہے اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے سبھی درس و تدریس آن لائن ہورہے ہیں ، لہذا بہار ، جھارکھنڈ ، یوپی اور دیگر ریاستوں کے ہاسٹلوں میں مقیم طلباء اپنے وطن واپس جانے کے لئے بے چین ہیں اور یونیورسٹی کو اس سلسلے میں ضروری اقدامات اٹھانے کے لئے کہہ رہے ہیں۔

جموں و کشمیر کے طلباء 10 مئی 2020 کو یونیورسٹی کے زیر اہتمام ایک خصوصی بس میں سری نگر روانہ ہوئے تھے۔ ان کے ساتھ یونیورسٹی کے 2 سابق فوجی جوان سکیورٹی گارڈ بھی تھے۔

سری نگر پہنچتے ہی انہیں حکومت کے ایس او پی کے مطابق قطار میں رکھا گیا اور کورونا وائرس کے میڈیکل ٹیسٹ کروائے گئے۔ زیادہ تر طلباء کے ٹیسٹ منفی پائے جانے کے بعد وہ اپنے گھروں کو واپس چلے گئے ہیں جبکہ چند طلباء کے نتائج کا ابھی تک انتظار ہے۔

سری نگر جاتے ہوئے راستے میں بھی طلباء کا تین مقامات پر میڈیکل اسکیننگ ہوا۔

ہاسٹلز میں قیام کے دوران یونیورسٹی کی جانب سے مکمل قرنطینہ کی وجہ سے طلبہ کو وائرس سے متاثر ہونے میں مدد ملی ہے۔

طلباء نے یونیورسٹی کے حکام ، ایم ایچ آر ڈی اور جموں و کشمیر انتظامیہ کو ہاسٹل میں قیام کے دوران ان کی مسلسل مدد اور تعاون کے لئے شکریہ ادا کرتے ہوئے تحریری پیغامات ارسال کیے ہیں۔

وائس چانسلر پروفیسر نجمہ اختر کی سربراہی میں ، رجسٹرار مسٹر اے پی صدیقی (آئی پی ایس) ، او ایس ڈی انتظامیہ مسٹر تنویر زیڈ ایلی (ریٹائرڈ آئی اے ایس) ، ڈی ایس ڈبلیو پروفیسر مہتاب عالم ، چیف پراکٹر پروفیسر وسیم اے خان ،پرووسٹس ، نگراں حضرات اور دیگر انتظامی افسروں نے طلبا کے محفوظ اور ہموار سفر کے لئے بطور ٹیم کام کیا۔

جب لاک ڈاؤن کا اعلان کیا گیا تو طلباء کی ایک بڑی تعداد جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ہاسٹلوں میں مقیم تھی۔ طلباء کی حفاظت اور صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے یونیورسٹی نے تمام طلباء کو ہاسٹل کیمپس میں ہی رہنے کو کہا اور انہیں باہر جانے کی اجازت نہیں دی۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے ہاسٹلوں میں صحت کے مطابق ان کے طعام کا بھی بہترین انتظامات کیا ۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ انتظامیہ نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑی کہ ہاسٹل میں مقیم طلباء اپنے گھروں کو بحفاظت پہنچیں۔ طلباء سے گزارش ہے کہ یونیورسٹی سے مناسب تصدیق کے بغیر کسی بھی سوشل میڈیا پوسٹ یا پیغامات پر یقین نہ کریں۔

یونیورسٹی دیگر ریاستی حکومتوں کے عہدیداروں کے ساتھ بھی رابطے میں ہے ، جن کے طلباء ہاسٹل میں مقیم ہیں ، تاکہ انہیں وطن واپس بھیج سکیں۔

احمد عظیم
پی ار او- میڈیا کوآرڈینیٹر